یونان کے وزیر اعظم ہندوستان کے سرکاری دورہ پر (21-22 فروری 2024)

17 فروری، 2024

وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی دعوت پر ہیلینک ری پبلک (یونان) کے وزیر اعظم عزت مآب جناب کریاکوس متسوتاکس مورخہ 21-22 فروری 2024 کو ہندوستان کے سرکاری دورے پر ہوں گے۔ ان کے ہمراہ اعلیٰ حکام اور اعلیٰ اختیاراتی تجارتی وفد بھی موجود ہوگا۔ وزیر اعظم متسوتاکس نئی دہلی میں منعقد ہونے والی 9ویں رائسینا مذاکرات، 2024 میں مہمان خصوصی اور کلیدی خطیب ہوں گے۔ وہ ایتھنس واپس ہونے سے قبل ممبئی کا بھی دورہ کریں گے۔

2۔ وزیر اعظم متسوتکیس کا راشٹرپتی بھون کے لان میں ایک شاندار استقبالیہ پروگرام میں استقبال کیا جائے گا۔ وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور وزیر اعظم متسوتاکس دو طرفہ بات چیت کریں گے اور وزیر اعظم مودی مہمان خصوصی کے اعزاز میں ظہرانہ کی ضیافت کا بھی اہتمام کریں گے۔

3۔ اگست 2023 میں وزیر اعظم جناب نریندر مودی کے یونان کے دورے کے دوران ہندوستان-یونان تعلقات کو 'اسٹریٹجک پارٹنرشپ' کو توسیع کی گئی تھی وہ مشترکہ ثقافتی اقدار، اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے عزم، سلامتی اور دفاع، جہاز رانی، سمندری اور علاقائی اور عالمی مسائل پر ہم آہنگی کے شعبوں میں باہمی تعاون پر مبنی ہیں۔ دونوں ممالک مختلف کثیرالجہتی فورمز پر بھی قریبی تعاون کرتے رہے ہیں۔

4۔ یہ 15 سال کے بعد یونان کی طرف سے کسی بھی وزیر اعظم کا ہندوستان کے ریاستی/سرکاری سطح کے سربراہ کا پہلا دو طرفہ دورہ ہوگا؛ یونان کی طرف سے ہندوستان کا آخری وزیر اعظم کا دورہ 2008 میں ہوا تھا۔ وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 25 اگست 2023 کو ایتھنس کا دورہ کیا تھا۔ وزیر اعظم میتسوتاکس کے دورے سے ہندوستان اور یونان کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط اور قوی ہونے کی امید ہے۔

نئی دہلی

17 فروری، 2024